# دُعا—ایک بہت بڑا اعزاز (حصہ 1)

یہ مشق کتاب ”پاک کلام کی تعلیم حاصل کریں“ کے باب 17 پر مبنی ہے۔ یہ کتاب jw.org پر دستیاب ہے۔

**اِس مشق کا مقصد:** اِس بات کا جائزہ لیں کہ آپ کیا مانتے ہیں اور کیوں؛ اِس حوالے سے پاک کلام کی تعلیم کیا ہے اور آپ اپنے عقیدوں کی وضاحت کیسے کر سکتے ہیں۔



## کیا خدا تمام دُعاؤں کو سنتا ہے؟

### 1 اپنے نظریات کا جائزہ لیں

کچھ لوگ اِس سوال کا جواب ہاں میں کیوں دیں گے؟

کچھ لوگ اِس سوال کا جواب ناں میں کیوں دیں گے؟

آپ کیا مانتے ہیں؟

آپ ایسا کیوں مانتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 2 پاک کلام کی تعلیم پر غور کریں

**خدا اُن لوگوں کی دُعاؤں کو سنتا ہے جو دل سے اُس کی قربت حاصل کرنا چاہتے ہیں، چاہے وہ کسی بھی بات کے بارے میں اُس سے دُعا کریں۔**

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 17 پیراگراف 1-4 کو دیکھیں۔)

**فِلپّیوں 4:6، 7 کو پڑھیں۔**

یہ کیوں اچھا ہوگا کہ ہم صرف ضرورت کے وقت ہی نہیں بلکہ باقاعدگی سے خدا کا شکر ادا کرنے کے لیے بھی دُعا کریں؟

**یعقوب 4:8 کو پڑھیں۔**

ہم دُعا کے ذریعے خدا کے ساتھ اپنی دوستی کو مضبوط کیسے کر سکتے ہیں؟



ہمیں اُس وقت اچھا لگتا ہے جب ہمارے دوست نہ صرف ضرورت کے وقت بلکہ باقاعدگی سے ہم سے بات کرتے ہیں۔ اِسی طرح یہوواہ خدا بھی خوش ہوتا ہے جب ہم باقاعدگی سے اور فرق فرق چیزوں کے بارے میں اُس سے بات کرتے ہیں۔



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## خدا اُن لوگوں کی دُعاؤں کو سنتا ہے جو اپنی دُعاؤں کے مطابق عمل بھی کرتے ہیں۔

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 17 پیراگراف 5-8 کو دیکھیں۔)

**مرقس 11:24 اور یعقوب 2:26 کو پڑھیں۔**

اگر ہم چاہتے ہیں کہ خدا ہماری دُعا کو سنے تو ہمیں ایمان کیوں رکھنا چاہیے اور ہم اِس ایمان کو کیسے ظاہر کر سکتے ہیں؟

**متی 6:11 اور 2-تھسلُنیکیوں 3:10 کو پڑھیں۔**

مثال دے کر بتائیں کہ جب ہم کسی بات کے بارے میں دُعا کرتے ہیں تو ہم اپنی دُعا کے مطابق عمل کیسے کر سکتے ہیں۔

آپ دُعا کرنے کے اعزاز کی قدر کیوں کرتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 3 اپنے عقیدوں کی وضاحت کریں

اگر کوئی کہتا ہے کہ . . .

خدا تمام دُعاؤں کو سنتا ہے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ . . .

بہت سے لوگ ایسا ہی سوچتے ہیں۔ لیکن مجھے لگتا ہے کہ بائبل میں اِس حوالے سے فرق تعلیم دی گئی ہے کیونکہ . . .

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟

اگر کوئی کہتا ہے کہ . . .

دُعا محض ذہنی سکون حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ . . .

بہت سے لوگ ایسا سوچتے ہیں لیکن مَیں ایسا نہیں سوچتا کیونکہ . . .

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania